**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

## احتیاطی اور حفاظتی تدابیر پر عمل بجلی حادثات سے تحفظ کی ضمانت ہے۔

## بجلی حادثات سے لائن سٹاف اور صارفین کی زندگیوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

## ہر سطح پر آگاہی مہم بھرپور انداز سے چلائی جائے تا کہ قیمتی جانوں کا بجلی حادثات سے تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

## چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجنیر چوہدری خالد محمود

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی آئیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجنیر خالد محمود نے اپنے سیفٹی کے حوالے سے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ آئیسکو لائن سٹاف اور معزز صارفین کو بجلی حادثات سے محفوظ رکھنا آئیسکو کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں میں سے ایک اہم ترین ذمہ داری ہے انھوں نے کہا کہ انسانی جان اللہ تعالی کا ایک خوبصورت تحفہ ہے جس کی ہم سب کو قدر اور حفاظت کرنی ہے۔انھوں نے لائن سٹاف کو ہدایات جاری کیں کہ وہ کام کے دوران سیفٹی آلات جیسے کہ ربڑ کے بوٹ، دستانے، ہلمٹ، بیلٹ، بیپر، فیس شیلڈ اور دیگر حفاظتی آلات کا استعمال یقینی بنائیں۔بجلی کی لائن کا دونوں جانب سے ارتھ اور ڈیڈ ہونے کی یقین دہانی کے بعد کام شروع کریں اور اگر موسمی حالات مناسب نہ ہوں تو ہرگز لائن پر کام نہ کریں۔انھوں نے کہا کہ ہم نے آئیسکو میں **100** فیصد سیفٹی کلچر فروغ دینا ہے انھوں نے چیف انجینئر آپریشن محمد کاشف شاہ کو لائن سٹاف کی آگاہی کے لئے آگاہی مہم اور سیمنارز منعقد کرنے کی ہدایات جاری کی۔انھوں نے کہا کہ بیشتر افسوسناک لائن حادثات اور واقعات جس میں لائن سٹاف زندگی کی بازی ہار جاتے ہیں یا جسمانی طور پر عمر بھر کے لئے معزور ہو جاتے ہیں سیفٹی کے اصولوں پر عمل نہ کرنے یا ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی کا مظاہرہ کرنے کے باعث پیش آتے ہیں اور اس کے خاتمے کیلئے ہم تمام تر اقدامات کریں گئے کیونکہ ہمارا مقصد انسانی جان کا تحفظ ہے اور اس کی تعلیم ہمارا دین بھی دیتا ہے کہ جس نے ایک انسانی جان بچائی تو اس نے گویا انسانیت کو بچایا۔مزید انہوں نے آئیسکو صارفین سے بھی درخواست کی کہ وہ بجلی کی تاروں، کھمبوں، ٹرانسفارمرز اور دیگر بجلی کی تنصیبات سے مناسب فاصلہ رکھیں۔گھروں کی الیکٹرک وائرنگ اپ ڈیٹ رکھیں اور کسی بھی شکایت یا ہنگامی صورتحال میں متعلقہ ایس ڈی او آفس یا ہیلپ لائن نمبر **118** پر کال کریں۔

پریس ریلز نمبر:12-10/2025